aglasem.com

FOR KARNATAKA CLASS 11 PREPARATION

Karnataka 1st PUC Model Question Paper 2027 for Urdu (Paper 2)

EXAM	YEAR	TYPE	SUBJECT
Karnataka Class 11	2027	Sample Paper	Urdu

GOVERNMENT OF KARNATAKA
DEPARTMENT OF SCHOOL EDUCATION (Pre-University), BENGALURU
18TH CROSS, MALLESHWARAM, BENGALURU – 560 012
I PUC MODEL QUESTION PAPER – 2, 2026 -27

Subject:Urdu (08) **No. of Questions: 51**
Time: 3**:00 Hours** Max. Marks: 8**0**

ضروری ہدایات: ۱) تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ۲) ہر سوال کے محاذی نشان درج ہیں۔
۳) اس سوالیہ پرچے کے چار حصے الف، ب، ج اور د ہیں اور ان میں سے حصہ "الف" کے سواوں کے جوابات جو پہلی مرتبہ لکھے گئے ہیں صرف انہیں کی جانچ ہوگی۔

حصہ - "الف"

I. (الف) درجِ ذیل سواوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔ 5X1=5

1. حضورِ اکرمؐ کے دادا عبد المطلب کی پیشن گوئی کیا تھی؟

A. حضور اکرمؐ بہادر ہوں گے
B. حضور اکرمؐ سچے ہوں گے
C. حضور اکرمؐ نسلِ انسانیت کے رہبر ہوں گے
D. حضور اکرمؐ کامیاب تاجر ہوں گے

2. میم صاحب نے کس نماز کے بعد وظیفہ ختم کرنے کا حکم دیا؟

A. تہجد کی
B. ظہر کی
C. مغرب کی
D. عشاء کی

3. اگر آپ خلا میں ایک سیاح بننا چاہتے ہیں تو آپ کو کن چیزوں کا خیال رکھنا ہو گا؟

A. صرف پیسہ
B. صحت کی حالت اور جسمانی تربیت
C. زمین پر کام کا تجربہ
D. صرف معلومات

4. ممتاز شیریں کی وفات کے بعد ان کی تحریروں کی اہمیت۔

A. بالکل ختم ہو گئی
B. صرف ادبی تنقید تک محدود ہو گئی
C. ادب میں ان کی شناخت برقرار ہے
D. صرف اپنی ذات تک محدود ہو گئی ہے

5. دوسرا آدمی پہلے آدمی کی باتوں پر کس رد عمل کا اظہار کرتا ہے؟

A. پریشانی
B. غصہ
C. تعریف
D. بے خیالی

aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com Page 1 of 4

(ب) قوسین میں دیے گئے مناسب مترادفات کے استعمال سے خالی جگہوں کو پر کیجیے۔ 5X1=5

(صلاح، تمنا، عادت، آواز، خفیہ، ہمیشہ)

6. صدا = _____

7. خصلت = _____

8. مشورہ = _____

9. خواہش = _____

10. پوشیدہ = _____

(ج) "الف" اور "ب" کو جوڑ کر اضداد بنائیے۔ 5X1=5

الف	ب
11. روشنی	i. منفی
12. مثبت	ii. گدا
13. قدیم	iii. اکثریت
14. اقلیت	iv. تاریکی
15. شاہ	v. جدید

(د) ذیل کے سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔ 5X1=5

16. روشن طبیعت والا کیسا ہوتا ہے؟

17. اختلافِ رائے کو پرکھنے کی کسوٹی کیا ہے؟

18. وضع دار طبقے کے افراد باورچی رکھنے کے بجائے کیا کرتے ہیں؟

19. جاپانی ٹرینیں اسٹیشنوں پر کتنی دیر رکتی ہیں؟

20. لوگ وینکٹ رامن کی ستائش کیا کہتے ہوئے کرتے؟

حصہ - "ب"

II. (الف) ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 4X2=8

21. عقل سے کیا کارنامے انجام پاتے ہیں؟

22. ریفریجریٹر خریدنے کے بعد مضمون نگار کی زندگی میں کیا فرق آیا؟

23. مجتبیٰ حسین نے جاپانی ٹرینوں کو کیوں سمجھ دار کہا ہے؟

24. ممتاز شیریں مزاجاً کس طرح کی خاتون تھیں؟

25. فعل کی تعظیمی صورتوں کی چند مثالیں تحریر کیجیے۔

26. مردہ گھر کیسا تھا؟

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی تین کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 3X2=6

27. کارسازی کے شاہ کار کون ہیں؟

28. اُمّی ہونے کے باوجود حضور اکرمؐ میں کونسی صفت کی حد نہیں ہے؟

29. دولت اگر کھیتی اور موتی ہے تو وقت کیا ہے؟

30. زندگی کس کے نور کا خون نچوڑتی ہے؟

31. نظم "خواہش" میں شاعر کے مطابق ہوا کتنی ساکن ہے؟

32. کتاب کے الفاظ انسان کو کہاں سے کہاں تلک لے جاتے ہیں؟

(ج) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 1X2=2

33. نظم "اکائی" میں شاعر نے "تم گنگا جل میں نہاتے ہو، میں ڈوبا آبِ کوثر میں" سے کیا مراد لی ہے؟

34. شاعر نے "ٹیپو کے دیش والے" کہہ کر وطن کے لوگوں کی کس خصوصیت کو بیان کیا ہے؟

III. (الف) ان میں سے کسی دو سوالات کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔ 2X4=8

35. حضورِ اکرمؐ نے حضرت ابوذر غفاریؓ کی کس بات پر ناگواری کا اظہار کیا اور کیا نصیحت فرمائی؟

36. سلیم نے خط میں یاسمین اور منّو کے تعلق سے کیا لکھوانا چاہا اور میم صاحب نے کیا لکھا؟

37. خلا کی سیاحت کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کے کیا ممکنہ اثرات ہو سکتے ہیں؟

38. وینکٹ رامن کا مردہ گھر میں آنا کیسے ہوا؟ اس کی کہانی کیا ہے؟

(ب) کسی دو جملوں کی بحوالہ متن وضاحت کیجیے۔ 2X2=4

39. "مگر ان سب میں کسی نہ کسی قدر کتوں کی مجلس کا اثر پایا جاتا ہے۔"

40. "یہ الجھنیں آپ نے اپنے چٹورپن سے خواہ مخواہ پیدا کر رکھی ہیں۔"

41. "اس میں اتنی جگہ ہی کہاں ہوتی ہے کہ آپ اپنا بستر لگا سکیں"۔

42. "بخار کا بہانہ کر کے تُو گاؤں جانا چاہتا ہے کم بخت۔ چل کام کر"۔

حصہ - "ج"

IV . 43. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔ 1X4=4

i. دنیا دارالمکافات ہے ii. ایک نوجوان کے نام iii. کرناٹک

aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

44. ذیل میں دیے کسی چار اشعار کی تشریح کیجیے۔ 4X2=8

i. چار دن کا ہے مجھلا یہ سب — سب سے رکھیے سلوک ہی ناچار
ii. جو کبھی یاد بھی آتا ہے تو کہتے ہیں — کہ آج بزم میں وہ فتنہ و فساد نہیں
iii. ستایا آکے پہروں آرزو نے — جو دم بھر آپ میں آیا گیا ہوں
iv. یاد کے بے نشان جزیروں سے — تیری آواز آرہی ہے ابھی
v. جس طرف بھی چل پڑے ہم آبلہ پایانِ شوق — خار سے گل اور گل سے گلستاں بنتا گیا

45. کسی ایک رباعی کی تشریح کیجیے۔ 1X4=4

i. تھے کیک کی فکر میں سو روٹی بھی گئی — چاہی تھی شئے بڑی سو چھوٹی بھی گئی
واعظ کی نصیحتیں نہ مانیں آخر — پتلون کی تاک میں لنگوٹی بھی گئی
ii. کچھ وقت سے اک بیج شجر ہوتا ہے — کچھ روز میں اک قطرہ گہر ہوتا ہے
اے بندۂ ناصبور تیرا ہر کام — کچھ دیر میں ہوتا ہے مگر ہوتا ہے

حصہ " د "

V . 46. ذیل میں سے کسی چار مرکبات کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4X1=4

i. اصلاحِ معاشرہ ii. شان وشوکت iii. خودساختہ
iv. ردِ عمل v. خود کفیل vi. چشمِ عالم

47. مندرجہ ذیل الفاظ کی جنس پہچانیے۔ 1X2=2

شجر چاندنی آسمان محبت

48. ان سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے ایک ایک مرکب لفظ بنائیے۔ 1X2=2

[نیک] [اہل] [گاہ] [مند]

49. ان کے مفعول لکھیے۔ 2X1=2

i. قصد ii. عاقل

50. غزل یا مرثیہ کی تعریف بیان کیجیے۔ 1X2=2

51. ذیل کے جملوں کا اُردو زبان میں ترجمہ کیجیے۔ 4

i. Sun rises in east.

ii. Hope is the key of Success.

iii. Don't bult castle in the air, be in reality.

iv. God help those who helps themselves.

aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com